26/05/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت غل سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے دہشت گردی کے خلاف بھارت کے عزم اور ارادے کا اظہار کرتے ہوئے کہاہے کہ اس سلسلے میں کسی قسم کی رعایت یا تساہل پسندی کا سوال ہی پیدا نہیں ہو تاہے۔ جموں میں منعقدہ آل جے اینڈ کے جاٹ سبھا سے خطاب کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ جمونو کشمیر کی ترقی کےلئے سماج کے سبھی طبقوں کے درمیان اتحاد اور آپسی بھائی چارہ ناگزیر ہے۔ ایل جی نے کہا کہ گذشتہ پانچ سال کے دوران یوٹی میں نمایاں ترقی درج کی گئی ہے اور جو ابھی بھی پچھڑے نظر آ رہے ہیں اُن کےلئے سرعت سے کوششیں جا ری ہیں۔

CDS

چیف آف ڈیفنس سٹاف جنرل انِل چوہان نے ادھمپور میں قائم فوج کی شمالی کمانڈ اور ہریانہ میں Strategic قائم فوج کی جنوبی کمانڈ کا دورہ کر کے آپریشن سندور کے بعد کی تیاریوں کا جائزہ لیا ۔ ادھمپور میں لیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما نے جنرل چوہان کو آپریشن سندور کے دوران فوجی اثاثوں اور شہری آبادی کے بچاو کے لئے اٹھائے گئے دفاعی اقدامات کی نسبت سے تفصیلی جانکاری دی گئی ۔ چیف آف ڈیفنس سٹاف نے مشکل حالات میں بھی بر وقت اور بہترین تال میل کے ساتھ فوجی کاروائیاں انجام دینے پر دونوں کمانڈوں کی زبردست سراہنا کی ۔

ریل

ایک اہم پیش رفت کے تحت تین جون کو ریلوے سٹیشن کٹرہ سے ممبئی کے باندھرا سٹیشن تک ایک مخصوص اور براہ راست مال گاڑی چلائی جائے گی جس میں چیری جیسے کم عمر والے میوہ جات اور دیگر فصلوں کو کم سے کم وقت میں متعلقہ مارکیٹس تک پہنچانے میں مدد ملے گی ۔ جموں کے ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ یہ پیش رفت محکمہ ہارٹیکلچر // فروٹ گروورس ایسو سی ایشن// اور ریلوے حکام کے ساتھ باہمی مشاورت کے بعد طے پائی ہے ۔

واضح رہے کہ وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کشمیر وادی کو ریل کے ذریعے ملک کے باقی حصوں کے ساتھ جوڑنے کی خاطر از خود نگرانی کرنے کے لئے وزیر اعظم نریندر مودی کی ستائش کی ہے ۔

نشہ مکت جموں کشمیر

ضلع انتظامیہ سرینگر کی جانب سے بائز ہائر سیکنڈری سکول پال پورہ میں منشیات کے مضر اثرات کی نسبت سے بیداری پیدا کرنے کی غرض سے ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا ۔ ڈپٹی کمشنر سرینگر کی ہدایت پر یہ پروگرام نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت منعقد کیا گیا جس میں محکمہ اطلاعات و تعلقاتِ عامہ کے کلچرل یونٹ سے وابستہ فنکاروں نے اپنے اپنے انداز میں منشیات کے خلاف بیداری پیدا کی ۔

پروگرام

کی طرف سے گورنمنٹ گرلز ہائر Empowerment ساوتھ ایشیا سینٹر فار پیس اینڈ پیپلز سیکنڈری سکول اوڑی میں ذہنی صحت سے متعلق ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا ، جس کا مقصد مقامی باشندوں اور طالب علموں کو سرحدی شیلنگ کے باقیات سے بچنے میں رہنمائی فراہم کرنا تھا ۔ واضح رہے کہ اس علاقے میں ہونے والی سرحدی شیلنگ سے لوگوں کے ذہنوں میں بھی تناو پیدا ہو جاتا ہے اور اس بات کے تناظر میں بھی یہ پروگرام منعقد کیا گیا ۔ پروگرام سرینگر کے ڈاکٹر جگمیت سنگھ IMHANS کی قیادت سینٹر کے صدر عمر بٹ نے کی جس میں اوڑی جاوید غنی بانڈے بھی موجود تھے ۔ ZEO اور

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج گجرات سے قریب 82 ہزار کروڑ روپے کی لاگت والے کئی ترقیاتی علاقے میں ایک Dahod پروجیکٹوں کو قوم کے نام وقف کریں گے ۔وہ ریاست کے مینو فیکچرنگ پلانٹ کو قوم کے نام وقف کرنے کے علاوہ ایک الکٹرک Locomotive کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے ۔ Locomotive

کھیلو انڈیا

جموں کشمیر نے کھیلو انڈیا بیچ گیمز میں نو میڈل جیت کر شاندار کار کر دگی کا مظاہرہ کیا ہے ۔ کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے اس کامیابی پر جموں کشمیر کے کھلاڑیوں کی زبردست سراہنا کی ہے ،جن کے شاندار مظاہرے سے پورے ملک میں جموں کشمیر کا نام روشن ہو گیا ہے ۔ جموں کشمیر نے سونے کے پانچ ، چاندی کا ایک اور کانسے کے تین تمغے حاصل کے مردوں کے زمرے میں پہلا اور خواتین کے Pencak Silat کئے ہیں ۔یوٹی کے کھلاڑیوں نے

بیچ میں کھیلے گئے ، Ghoghla زمرے میں تیسرا مقام حاصل کیا ۔ کھیلو انڈیا بیچ گیمز دیو کے جن میں مجموعی طور پر ایک ہزار 350 ایتھلیٹوں نے حصہ لیا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 9 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ